رول نمبر: ____________

pakcity.org

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

Objective
Paper Code
8021

اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شبلی نے اپنی کس کتاب کے لئے "سیرت العمرین" سے مواد حاصل کیا؟ | الغزالی | المامون | الفاروق ● | الکلام |
| 2 | "محنت پسند خردمند" نے نمایاں کامیابیاں اور فتوحات حاصل کر کے کونسا لقب حاصل کیا؟ | محنت پسند فاتح | شہنشاہ محنت پسند | بادشاہ محنت پسند | سلطان محنت پسند ● |
| 3 | سبق "مواصلات کے ذرائع" میں اِن پُٹ کا اُردو متبادل لفظ کیا درج ہے؟ | مقرب | مفتح | مدخل ● | مخرج |
| 4 | ابن انشا، حبیب اللہ شہاب کا دیا ہوا کوٹ پہن کر کیسے لگ رہے تھے؟ | برفانی گیدڑ | برفانی شیر | برفانی ریچھ ● | برفانی چیتا |
| 5 | شاہد احمد دہلوی، مولوی نذیر احمد کے رشتے میں کیا لگتے تھے؟ | دادا | نانا | بیٹا | پوتا ● |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | اس کا گھر، دکانیں اور سامان سب کچھ بک ____ | گیا | گئے | گئی ● | گئیں |
| 7 | نواب صاحب نے رو رو کر خطا معاف ____ | کرائی ● | کی | کرائے | کرائیں |
| 8 | ریوڑ گھاس چر ____ ۔ | رہا ہے ● | رہی ہے | رہے ہیں | رہی ہیں |
| 9 | اس پر بھروسا رکھو ____ وہ دھوکے باز نہیں۔ | کیونکہ ● | چونکہ | اگرچہ | اس لئے |
| 10 | اس نے دو قلم اور ایک پنسل ____ ۔ | خریدیں | خریدے | خریدی ● | خریدیں |

www.pakcity.org

رموزِ اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | مخففات کے درمیان کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | سکتہ | رابطہ | خمہ ● | فجائیہ |
| 12 | کاش ____ میں گولڈ میڈل جیت لیتا۔ | : | ؛ | :- | ! ● |
| 13 | جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں علامت لگائی جاتی ہے: | ؛ | ! | " " | ( ) ● |
| 14 | :- یہ علامت ہے: | رابطہ کی | وقفہ کی | ندائیہ کی | تفصیلیہ کی ● |
| 15 | خواتین و حضرات ____ ایک ضروری اعلان سنیے۔ خواتین و حضرات کے بعد علامت ہوگی: | ؛ | : | :- | ! ● |

امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | اٹھنا : | یہ کتاب اٹھا دو | میں صبح سویرے اٹھتا ہوں | اسے یہاں سے اٹھا دو | وہ درد کی شدت سے بلبلا اٹھا ● |
| 17 | کرنا : | یہ کام نہیں کرنا | میرا کام کرو | یہ کام مت کرو | وہ یہاں آیا کرتا ہے ● |
| 18 | لینا : | بازار سے سبزی لیتے آؤ | کھانا لیتے جاؤ | میں نے کتاب لے لی ہے ● | یہ لو کتاب |
| 19 | پڑنا : | وہ لڑ پڑا ● | میز پر اخبار پڑا ہوا ہے | وہ بستر پر پڑا ہوا ہے | میرے پیچھے کیوں پڑے ہو |
| 20 | جانا : | تم جاؤ بھی | اسے جانا ہے | کیا ہم جائیں؟ | تم یہاں سے چلے جاؤ ● |

رول نمبر:..................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

## اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

pakcity.org

## (حصّہ اوّل)

01,01,08 2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے:

عمر بھر صحرا نوردی کی ، مگر شادی نہ کی قیس دیوانہ بھی تھا ، کتنا سمجھ دار آدمی
دانش و حکمت کی ساری روشنی کے باوجود کم ہی ملتا ہے زمانے میں کم آزار آدمی

01,09 (ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے:

دل میں اِک لہر سی اُٹھی ہے ابھی کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی
شور برپا ہے خانۂ دل میں کوئی دیوار سی گری ہے ابھی
بھری دنیا میں جی نہیں لگتا جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

## (حصّہ دوئم)

01,01,03,10 3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے:

(الف) اپنے رہنماؤں کی پکار سن کر مسلمان قوم ترقی کی راہ پر کچھ چلنے تو لگی لیکن جا بجا ٹھوکریں کھاتے ہوئے۔ معاشی حیثیت سے وہ اپنے ہمسایوں سے کہیں پیچھے رہی۔ تعلیمی حیثیت سے وہ ضرور کچھ بڑھی لیکن پھر بھی پس ماندہ رہی البتہ اپنی قومی زبان وادب کو اس نے باوجود اپنے انحطاط کے خوب چمکایا۔ اُردو علم وادب اور صحافت کو ترقی ہوئی اور ملک میں جا بجا اُردو کی علمی وادبی انجمنیں پھیل گئیں۔

(ب) ڈھلتے سورج میں بحر اکاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمرّد کی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ اس کے ٹھٹے مُنے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہر انگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔ دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔ میں نے وجدانی حُسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔

01,09 4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) محنت پسند خردمند (ii) قرطبہ کا قاضی

05 5۔ مولانا الطاف حسین حالی کی نظم "اسلامی مساوات" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

20 6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (i) حقوق والدین (ii) ماحولیاتی آلودگی (iii) محنت کی عظمت

10 7۔ ایک پرانی کرسی کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

[redacted]

pakcity.org

Faisalabad Board-2024-G-2

pakcity.org

رول نمبر: ______

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
8028

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

## نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مصنفہ ہوائی جاتے ہوئے ٹوکیو میں ٹھہری: | 2 دن | 3 دن | 4 دن | 6 دن |
| 2 | اکبری نے سرمہ لیا: | ایک پیسے کا | ایک روپے کا | دو آنے کا | دو روپے کا |
| 3 | انسان کے پاس پیرزادے بن کر آئے: | خسرو آرام | احتیاج جلو و افلاس | تدبیر | محنت پسند |
| 4 | آلہ ٹیلی گرافی فنلے مورس نے ایجاد کیا: | ۱۸۳۸ء میں | ۱۸۳۹ء میں | ۱۸۴۰ء میں | ۱۸۴۱ء میں |
| 5 | یحییٰ بن منصور باپ تھا: | عبداللہ کا | حلاوہ کا | زبیر کا | ناظر کا |

## مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | علی نے چار سیبوں کو ______ ۔ | کھایا | کھائے | کھائیں | کھائی |
| 7 | ہجوم نعرے لگا ______ ۔ | رہے ہیں | رہے ہے | رہا ہے | رہی ہے |
| 8 | اس کا باپ، بھائی، دوست کوئی باقی نہ ______ ۔ | رہے | رہا | رہیں | رہی |
| 9 | اس دنیا کا خالق اللہ ______ ہے۔ | صرف | محض | ہی | تو |
| 10 | وہ کالج نہ جا سکا ______ وہ بیمار تھا۔ | کیونکہ | لہٰذا | چوں کہ | بلکہ |

## رموز و اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سوالیہ جملے کے لئے علامت ______ ہے۔ | ، | ۔ | ؟ | " " |
| 12 | مختصر ٹھہراؤ کی علامت ______ ہے۔ | ۔ | ؛ | ، | : |
| 13 | ختمہ کو ______ بھی کہتے ہیں۔ | وقف مطلق | وقف لازم | نصف وقف | وقف خفیف |
| 14 | مشہور ہے ______ اتفاق میں برکت ہے۔ میں علامت آئے گی: | ختمہ | سکتہ | رابطہ | فجائیہ |
| 15 | فرمان نبوی ﷺ ہے: نماز مومن کی معراج ہے، میں علامت آئے گی: | توسین | واوین | سکتہ | ندائیہ |

## امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | اٹھنا : | تم جلدی اٹھا کرو | وہ درد سے بلبلا اٹھا | دھواں اٹھ رہا ہے | محفل سے مت اٹھو |
| 17 | لگنا : | مجھے سردی لگتی ہے | تم میرے کچھ نہیں لگتے | میں پڑھنے لگا ہوں | اس کے ہاتھ خزانہ لگ گیا |
| 18 | آنا : | وہ ہار لے آیا | علی گھر واپس آ گیا | تم کراچی سے کب آئے | جلدی سے آؤ گھر چلیں |
| 19 | چکنا : | اس نے ادھار چکا دیا | وہ زخموں سے چکنا چور ہو گیا | میں کھا چکا ہوں | میرے ہاتھ چکنے ہیں |
| 20 | رہنا : | یہاں کون رہتا ہے | احمد لاہور میں رہتا ہے | اتنی دیر کہاں رہے ہو | وہ کھانا کھا رہا ہے |

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

Faisalabad Board-2024-G-2

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے  کل نمبر: 80

pakcity.org

## ( حصّہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے:   01,01,08

اجڑا سا وہ نگر کہ ہڑپّا ہے جس کا نام  اس قریۂ شکستہ و شہرِ خراب سے
عبرت کی اک چھٹانک برآمد نہ ہو سکی  کلچر نکل پڑا ہے منوں کے حساب سے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے:   01,09

عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ  عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط  تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا
کی مِرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ  ہائے اس زُود پشیماں کا پشیماں ہونا

## ( حصّہ دوئم )

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جز کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے:   01,01,03,10

(الف) دو لونگیں، اس کے ساتھ دو ورق کی حکایتِ دلچسپ۔ مزاج دار دل و جان سے معتقد ہو گئیں۔ مُجّن تو لونگیں دے کر رخصت ہوئی، مزاج دار بہو نے غسل کر، کپڑے بدل، خوشبو لگا، ایک لونگ بسم اللہ کر کے اپنی چوٹی میں باندھی اور میاں کے پلنگ کی چادر اور تکیوں کے غلاف بدل ایک لونگ کسی تکیے میں رکھ دی۔ محمد عاقل جو گھر آیا، بی بی کو دیکھا صاف ستھری، پلنگ کی چادر بے کہے بدلی ہوئی۔ خوش ہوا اور التفات کے ساتھ باتیں کرنے لگا۔

(ب) ایوب سے محبت کر کے جیسے دل کو تسکین ہو جاتی تھی، ایک طرح کی پرافتخار اور اطمینان بخش تسکین۔ جیسے یہ احساس کہ ہم میں بھلائی کرنے یا بلند ہونے کا جذبہ یا استعداد ہے۔ ایوب سے محبت نہ کیجیے یا اُن کی عزت نہ کیجیے تو یہ محسوس ہوتا کہ ہم میں شریفانہ جذبات یا احساس ذمے داری کی کمی ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) پہلی فتح (ii) ہوائی   01,09

5۔ جوش ملیح آبادی کی نظم "سراغِ راہرو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔   05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے:   20

(i) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی (ii) توانائی کا بحران اور اس کا حل (iii) والدین کا احترام

7۔ ایک پرانے کوٹ کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔   10

[redacted]

Please visit for more data at: www.pakcity.org

Faisalabad Board-2023-G-1

رول نمبر: ____________

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

اُردو (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

pakcity.org

Objective
Paper Code
8027

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سبق "دستک" کا تعلق کس صنف سے ہے؟ | داستان | ناول | ڈراما | افسانہ |
| 2 | ملک فراغ کے بادشاہ کا نام تھا: | بہرام | خسرو آرام | ہشام | محنت پسند خردمند |
| 3 | "اسباب بغاوت ہند" کس کی تصنیف ہے؟ | شبلی نعمانی | ڈپٹی نذیر احمد | سرسید احمد خاں | مولانا حالی |
| 4 | ایوب عباسی کا تعلق کس یونیورسٹی سے تھا؟ | پنجاب یونیورسٹی | علی گڑھ یونیورسٹی | نہرو یونیورسٹی | دلی یونیورسٹی |
| 5 | موبائل فون کا دوسرا نام ہے: | ہیڈفون | گراموفون | وائرلیس | کارفون |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | آپ کب تشریف ____ گے؟ | لاؤ | لائے | لائیں | لائی |
| 7 | "کلیات اقبال" چھپ ____ ۔ | چکا ہے | چکی ہے | چکے ہیں | گیا ہے |
| 8 | راوی لاہور میں ____ ہے۔ | بہتی | بہتا | بہہ | بہتے |
| 9 | اکبر محنتی ہے ____ ذہین نہیں۔ | اگر | لیکن | البتہ | چوں کہ |
| 10 | وہ گھر نہ گیا ____ کالج چلا گیا۔ | کیونکہ | بلکہ | چونکہ | اس لئے |

رموزِ اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | عزیز طلبہ ____ محنت کیجیے۔ اس میں علامت آئے گی۔ | ؟ | ۔ | ! | :- |
| 12 | ختمہ کسے کہتے ہیں؟ | مختصر ٹھہراؤ | مکمل ٹھہراؤ | وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ | سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ |
| 13 | اسلم ____ حامد اور محمود بازار گئے۔ | ، | ؛ | :- | ـ |
| 14 | " " یہ علامت کہلاتی ہے: | علامت حاشیہ | خط فاصل | واوین | رابطہ |
| 15 | مخففات کے درمیان کونسی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | سکتہ | ختمہ | رابطہ | توسین |

امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | رکھنا: | کتاب میز پر رکھی ہے | آپ میری بات یاد رکھنا | اکرم نے مجھے زبردستی بٹھا رکھا ہے | جگ میں پانی رکھا ہے |
| 17 | جانا: | جاؤ اپنا کام کرو | مجھے لاہور جانا ہے | اپنی کتاب لے جاؤ | مجھے چائے کا کپ دو |
| 18 | ڈالنا: | پانی جگ میں ڈالنا | تیری جدائی نے مار ڈالا | کپڑے تھیلے میں ڈال دو | ہم نے مل کر جھگڑا ڈالا |
| 19 | رہنا: | آپ کہاں رہتے ہیں | وہ لاہور میں رہتا ہے | آپ کا انٹرویو کیسا رہا | وہ رات بھر روتا رہا |
| 20 | لینا: | بازار سے چینی لیتے آنا | صبح جلدی کالج آنا | کھانا کھالو | احمد محفل سے اٹھ گیا |

1201-XII123-52000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

رول نمبر:......................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

pakcity.org

## (حصہ اوّل)

2- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

تھا کبھی علم آدمی، دل آدمی، پیار آدمی — آج کل زر آدمی، قصر آدمی، کار آدمی
گلگلاتی بستیاں، مشکل سے دو چار آدمی — کتنا کم یاب آدمی ہے، کتنا بسیار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا
عشرتِ پارۂ دل، زخمِ تمنا کھانا — لذتِ ریشِ جگر، غرقِ نمکداں ہونا
کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ — ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

## (حصہ دوئم)

3- سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) وہ جوہر قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدر آباد میں ان کی سیاست دانی، تدبر، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ ان کا ذہن ایسا رسا، ان کی طبیعت ایسی حاضر، ان کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے، بڑے بڑے مدّبران کا لوہا مان گئے تھے۔

(ب) ڈاکٹر گلبرگ مہم جُو آدمی ہیں۔ برسوں وہ گرین لینڈ جا کر اسکیموؤں کے ساتھ رہے۔ ان کی زبان اور معاشرت اختیار کی۔ انہی کا سا بے نمک کھانا کھاتے رہے۔ یہی مچھلی، ریچھ کا گوشت وغیرہ، برف کے جھونپڑوں میں قیام کیا اور پھر یہ کتاب لکھی۔ اب میاں بی بی ایشیاء اور مشرق بعید کے دورے پر نکلے تھے۔ کینیا، ہندوستان، تھائی لینڈ اور نیپال ہوتے ہوئے پاکستان آئے تھے۔ اب کابل اور تہران ہو کر وطن واپسی کا پروگرام تھا۔

4- کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) دستک (ii) مولانا ظفر علی خاں 01,09

5- نصاب میں شامل جوش ملیح آبادی کی نظم "سراغِ راہبرو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6- کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (i) فنی تعلیم (ii) میری پسندیدہ کتاب قرآن مجید (iii) دہشت گردی اور اس کے محرکات 20

7- چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر ہم نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینے کی تلقین کیجیے۔ 10

1201-XII123-52000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

Faisalabad Board-2023-G-2

pakcity.org

رول نمبر: __________

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

اُردو (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
8028

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سبق "پہلی فتح" کس کتاب سے ماخوذ ہے؟ | محمد بن قاسم | آخری چٹان | مجاہد | اور تلوار ٹوٹ گئی |
| 2 | علمائے کرام نے قدیم طرز کی درس گاہ کہاں قائم کی؟ | دہلی میں | دیوبند میں | کانپور میں | علی گڑھ میں |
| 3 | خاندان خلافت نے جاگیروں کی واپسی کے معاملے میں سفیر بنا کر بھیجا: | اُمِ عمارہ | اُمِ ایمن | اُمِ عمر | اُمِ عمیر |
| 4 | حمید اختر نے ابن انشاء کو کیا خریدنے کا مشورہ دیا؟ | افغانی کوٹ | جیکٹ | چغہ | شیروانی |
| 5 | سر سیّد عمر میں مولوی نذیر احمد سے کتنے بڑے تھے؟ | دس سال | بارہ سال | پندرہ سال | بیس بائیس سال |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | "خطوطِ اقبال" چھپ _____ ۔ | گئے ہیں | گئی ہے | گیا ہے | گے ہیں |
| 7 | _____ آگے راستہ بند تھا، اس لئے ہمیں واپس آنا پڑا۔ | جب کہ | کیوں کہ | چوں کہ | البتہ |
| 8 | دھماکے کی آواز سن کر پولیس _____ ہو گئی۔ | چوکنا | چوکنی | چوکنے | چوکنیں |
| 9 | حق بات کہو _____ ساری خدائی مخالف ہو جائے۔ | اگر | جب کہ | مگر | خواہ |
| 10 | مزاج دار بہو نے سرمہ اور نادِ علی دو چیزیں پسند _____ ۔ | کی | کیے | کیا | کیں |

رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سچ ہے _____ لالچ بُری بلا ہے۔ | : | ؛ | :- | ، |
| 12 | ؛ علامت ہے: | وقفہ کی | سکتہ کی | ندائیہ کی | ختمہ کی |
| 13 | سکتہ کی تعریف ہے: | مکمل ٹھہراؤ | تفصیل بیان کرنا | سوال پوچھنا | مختصر ٹھہراؤ |
| 14 | حیرت اور خوشی کے اظہار کے لئے کونسی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | فجائیہ | رابطہ | سکتہ | قوسین |
| 15 | آپ کیا کہتے ہیں _____ (جملے کے آخر میں کونسی علامت آئے گی) | : | :- | ؛ | ؟ |

امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | آنا : | آپ کب آئیں گے؟ | یحییٰ نے آج آنا ہے | دیر سے مت آنا | وہ امتحان دے آیا ہے |
| 17 | رکھنا : | قلم میز پر رکھا ہے | بچوں نے شور مچا رکھا ہے | گلاس میز پر رکھ دو | آپ کرسی پر تشریف رکھیں |
| 18 | اٹھنا : | صبح جلدی اٹھنا چاہیے | تم دیر سے کیوں اٹھے؟ | وہ ذرا سی بات پر بھڑک اٹھا | اب تم اٹھ جاؤ |
| 19 | کرنا : | اچھے کام کرنا | آپ کیا کرتے ہیں؟ | مجھے سبق یاد کرنا ہے | بزرگوں کے پاس بیٹھا کرو |
| 20 | لگنا : | شہر میں کرفیو لگ گیا | کشتی کنارے سے لگی | مجھے سردی لگتی ہے | گاڑی چلنے لگی |

1202-XII123-48000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

Faisalabad Board-2023-G-2

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

pakcity.org

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

تمھاری بھینس کیسے ہے کہ جب لاٹھی ہماری ہے — اب اس لاٹھی کی زد میں جو بھی آئے سو ہمارا ہے
مذمت کاریوں سے تم ہمارا کیا بگاڑو گے؟ — تمھارے ووٹ کیا ہوتے ہیں جب ویٹو ہمارا ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

کام مردوں کے جو ہیں، سو وہی کر جاتے ہیں — جان سے اپنی جو کوئی کہ گزر جاتے ہیں
موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے — مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں
دید و ادید جو ہوجائے، غنیمت سمجھو — جوں شرر ورنہ ہم اے اہل نظر جاتے ہیں

## (حصہ دوئم)

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) عالم کا رنگ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کار دنیا سے کنارہ کش ہوگئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جھولا ڈالے الگ باغ میں جھولا کرتے تھے، البتہ جو صاحب ضرورت ان کے پاس جاتا، اسے صلاح مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر ان کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیے جس سے احتیاج وافلاس کی بلا سے بندگان خدا کو نجات ہو۔

(ب) میرا بچہ، میری آنکھ کا تارا، ارے دیکھو تو کیسے تن کر چل رہا ہے۔ اس کا باہر نکلا ہوا سینہ دیکھو! سانس کس بے خوفی سے آ جا رہا ہے! شاباش میرے لاڈلے شاباش! سر اٹھائے رکھ۔ تم پر ہم سب کو ناز ہے۔ تجھ پر میرے دلارے تجھ پر، جسے مرجانا ہے۔ دیکھ لو اسے دیکھ لو۔ جس کے بدن میں گرم خون لہریں مارتا تھا پر جس کے دل میں قاتل کے لہو کی ایک بوند بھی نہیں۔ ہائے پر قاتل موجود ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) پہلی فتح (ii) ایوب عباسی 01,09

5۔ نصاب میں شامل احسان دانش کی نظم "تغیر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(i) میرا پسندیدہ شاعر (ii) اتحاد عالم اسلام (iii) قومی تعمیر وترقی میں طلبہ کا کردار

7۔ کسی بھی اشاعتی ادارے کے منیجر کو اپنی پسند کی کتاب بذریعہ ڈاک منگوانے کے لیے خط لکھیے۔ 10

1202-XII123-48000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2019

رول نمبر: ________

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

اُردو (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
8025

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نواب محسن الملک نے ریاست کا بجٹ نمونے پر مرتب کیا: | مصر کے | ترکی کے | علی گڑھ کے | عراق کے |
| 2 | مولوی نذیر احمد شادی کے وقت ملازم تھے: | پندرہ روپے کے | دس روپے کے | بیس روپے کے | پچاس روپے کے |
| 3 | پنا لال جوہری زبردستی جمن کے پلے باندھ دیتا تھا: | دو سو روپے | پانچ سو روپے | پچاس روپے | ایک سو روپے |
| 4 | کابل ہوٹل میں روزانہ کا اچھا کمرہ تھا: | ایک ڈالر | سات ڈالر | دس ڈالر | چار ڈالر |
| 5 | مولانا ظفر علی خان محروم تھے: | توند سے | آنکھ سے | ہاتھ سے | پاؤں سے |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | میں نے یہاں کے آم میٹھے ____ ۔ | پائیں | پائی | پائے | پایا |
| 7 | آج حمید کالج نہیں آ سکا ____ اُس کا بیٹا بیمار تھا۔ | اگرچہ | کہ | کیوں کہ | چنانچہ |
| 8 | تم نے اخبار "جنگ" ____ ۔ | دیکھی | دیکھا | دیکھیں | دیکھے |
| 9 | چوں کہ وہ بیمار ہے ____ کالج نہیں آیا۔ | اس لیے | لہٰذا | اگرچہ | تاکہ |
| 10 | یہ عورت بڑی ____ ۔ | [illegible] | [illegible] | نرالے ہیں | نرالا ہے |

رموزِ اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | استفہامیہ کی علامت ہے: | ؟ | ! | : | ؛ |
| 12 | تفصیلیہ کی علامت ہے: | :- | ؛ | ! | : |
| 13 | مختصر ترین ٹھہراؤ کی علامت ہے: | ، | : | " " | ؟ |
| 14 | ! علامت ہے: | ندائیہ | تفصیلیہ | رابطہ | وقفہ |
| 15 | جملۂ معترضہ کے گرد علامت استعمال ہوگی: | : | ( ) | ؟ | ؛ |

امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | رہنا : | علی کافی دیر تک پڑھتا رہا | اصولوں پر قائم رہو | ہنگامہ رات بھر جاری رہا | ندیم گاؤں میں رہتا ہے |
| 17 | لینا : | میں نے یہ مکان خرید لیا | مجھے قلم لا دو | بازار سے کتاب لے آؤ | قسمت ہمیں کہاں لے آئی؟ |
| 18 | ڈالنا : | چائے میں چینی ڈالنا | گڑھے میں مٹی ڈالو | بچے نے کتاب پھاڑ ڈالی | یہ خط ڈال آؤ |
| 19 | کرنا : | غلط کام مت کریں | میں نے ذمہ کام کر لیا | کاش! وہ محنت کرتا | کھانا وقت پر کھایا کرو |
| 20 | لگنا : | تیر نشانے پر جا لگا | میں کیسا لگ رہا ہوں؟ | وہ تمہارا کیا لگتا ہے؟ | کیا آپ کو میری بات بری لگی؟ |

301-XII119-44000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2019

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

رول نمبر:..................

## اُردو (انشائی)     گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے     کل نمبر: 80

## ( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

تِرا شباب امانت ہے ساری دنیا کی     تو خار زارِ جہاں میں گلاب پیدا کر
سکون موت ہے بے دست و پا ضعیفی کا     تو اضطراب ہے خود اضطراب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

کن بے دلوں میں پھینک دیا حادثات نے     آنکھوں میں جن کی نور نہ باتوں میں تازگی
بول اے مرے دیار کی سوئی ہوئی زمیں     میں جن کو ڈھونڈتا ہوں کہاں ہیں وہ آدمی
میٹھے تھے جن کے پھل، وہ شجر کٹ کٹا گئے     ٹھنڈی تھی جس کی چھاؤں وہ دیوار گر گئی

## ( حصہ دوئم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) غرض بات گئی گزری ہوئی۔ محمد عاقل سے جو آج ایسی باتیں ہوئیں تو لوگوں پر مزاج دار کا اعتقاد جم گیا۔ اگلے دن زلفن کو بھیج جمن کو بلوایا اور آج مزاج دار بیٹی بنیں اور جمن کو ماں بنایا۔ رات کے وقت محمد عاقل سے پھر جمن کا ذکر آیا۔ محمد عاقل نے کہا: "دیکھو، ہوشیار رہنا۔ اس بھیس میں کٹنیاں اور ٹھگنیاں بہت ہوا کرتی ہیں۔" لیکن طمع نے خود محمد عاقل کی عقل پر ایسا پردہ ڈال دیا کہ اتنی موٹی بات وہ نہ سمجھا کہ دو روپے کا مال چار آنے میں کوئی بے وجہ بھی دیتا ہے۔

(ب) آگے چل کر معلوم ہوا کہ انہیں صرف دوڑنے اور ڈنٹر پیلنے کا ہی شوق نہیں، مگدر بھی ہلاتے ہیں۔ نیزہ بازی اور شہسواری میں بھی برق ہیں، پیراکی اور کشتی گیری میں بھی بند نہیں، نشانہ بھی اچھا لگاتے ہیں۔ حیدر آباد کی ملازمت کے زمانے میں کچھ دن فوج میں بھی رہے۔ یہ قصہ عجیب ہے، سپاہی نیزہ بازی کے کرتب دکھا رہے تھے ان کی بھی طبیعت لہرائی۔ گھوڑے پر سوار ہو کے نیزہ تانا اور آن کی آن میں میخ اکھاڑ لی۔ ہر طرف سے تحسین و آفرین کا غلغلہ ہوا اور ان کی خدمات فوج کے صیغے میں منتقل کر دی گئیں۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) نواب محسن الملک (ii) ہوائی 01,09

5۔ اسرار الحق مجاز کی نظم "نوجوان سے خطاب" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (i) محسنِ انسانیت ﷺ (ii) رزقِ حلال نعمت بھی عبادت بھی (iii) میرا پسندیدہ شاعر 20

7۔ اخبار کے ایڈیٹر کے نام خط لکھیے جس میں انہیں اپنے محلے میں منشیات فروشی کے اڈے کے بارے میں آگاہ کیجیے۔ 10

301-XII119-44000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2019

رول نمبر: ____________

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

اُردو (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
8022

| | |
|---|---|
| سوال نمبر 1 | ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات C ،B ،A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | "تشکیلِ پاکستان" لیا گیا ہے: | کارنامہ اسلام سے | تاریخ اسلام سے | تحریکِ پاکستان سے | تاریخِ پاکستان سے |
| 2 | مزاج دار شدت سے تھی: | چالاک | بیوقوف | پھوہڑ | ہوشیار |
| 3 | ایمان تحسین تھا: | ہواباز | ہوائی یونیورسٹی | [illegible] | ایسٹ ویسٹ سنٹر |
| 4 | مولوی نذیر احمد تھے: | غیور آدمی | عام آدمی | [illegible] | بیمار آدمی |
| 5 | ہملٹ کا قلعہ واقع ہے: | کوپن ہیگن | کابل | [illegible] | السی نور |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | ہجوم نعرے لگا ____ ۔ | رہے ہیں | رہی ہے | رہی ہیں | رہا ہے |
| 7 | راوی لاہور میں ____ ہے۔ | بہتی | بہتا | بہتے | بہتیں |
| 8 | اس کی دکان، جاگیر، مکان سب ____ ۔ | بک گئے | بک گئی | بک گیا | بک گئیں |
| 9 | ____ کچھ ہو، بدلہ ضرور لوں گا۔ | چاہے | اگرچہ | لیکن | مگر |
| 10 | وہ محنتی ہے ____ ذہین نہیں۔ | تاکہ | چونکہ | مگر | اگر |

رموزِ اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | جملۂ معترضہ کے گرد لگاتے ہیں: | واوین | قوسین | ختمہ | رابطہ |
| 12 | : علامت ہے: | سکتہ | ختمہ | رابطہ | تفصیلیہ |
| 13 | آہا کے بعد علامت استعمال ہوگی: | فجائیہ | رابطہ | ختمہ | قوسین |
| 14 | مخففات کے درمیان علامت استعمال ہوتی ہے: | ؟ | : | :- | – |
| 15 | ؛ علامت ہے: | رابطہ | فجائیہ | سکتہ | وقفہ |

امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | ڈالنا : | خط لیٹر بکس میں ڈال دو | آگ پر پانی ڈالو | شاہد نے دشمن کو مار ڈالا | میں نے آج پہلی بار ووٹ ڈالا |
| 17 | پڑنا : | کتاب میز پر پڑی ہے | بچہ اچانک دوڑ پڑا | اس مرتبہ شدید برف پڑی | وہ مصیبت میں پڑ گیا |
| 18 | لگنا : | آج کل قیمتوں کو آگ لگی ہوئی ہے | وہ جلدی جلدی قدم اٹھانے لگا | مجھے یہ فلم بہت اچھی لگی | ماں نے بچے کو گلے لگا لیا |
| 19 | رہنا : | وہ سستی کی وجہ سے پیچھے رہ گیا | علی میرے پڑوس میں رہتا ہے | بچہ آئس کریم کھا رہا ہے | تم کہاں رہتے ہو؟ |
| 20 | رکھنا : | اب میز کمرے میں رکھ بھی دو | اپنا کام جاری رکھو | ہمیں بڑوں کا خیال رکھنا چاہیے | میں نے کتاب سنبھال رکھی ہے |

302-XII119-41000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2019

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

اُردو (انشائی)     گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے     کل نمبر: 80

## ( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

سراپا معصیت میں ہوں ، سراپا مغفرت وہ ہے     خطا کوشی روش میری ، خطا پوشی ہے کام اس کا
مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی     کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

دنیا میں جب تلک کہ میں اندوہ گیں رہا     غم دل سے اور دل سے میرے غم ، قریں رہا
رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا     آنکھوں پہ کھینچتا میں ، سر آستیں رہا
نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ     جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

## ( حصہ دوئم )

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) سرسید نے قدامت پسند مسلمانوں کو نئے زمانے کی ضروریات سے آگاہ کیا اور ہزار دقتوں سے ان کو نئے علوم کے حصول اور نئی حکومت سے تعاون پر آمادہ کیا۔ اپنی مذہبی تصانیف اور رسالہ "تہذیب الاخلاق" کے اجرا سے انہوں نے ثابت کر دکھایا کہ اسلام عقل کے اصولوں پر مبنی ہے۔ ان کی تعلیمی مساعی انتہا کی تکمیل کو پہنچیں جب علی گڑھ کالج کا افتتاح ہوا جو کم از کم تیس برس تک مسلمانان ہند کا واحد قومی مرکز بنا رہا۔

(ب) مولانا کو اخبار کی زبان اور کتابت کی صحت کا بڑا خیال رہتا تھا، کاتب کی جان الگ آفت میں، ایڈیٹر الگ مصیبت میں مبتلا، جب تک مولانا دفتر میں ہیں، غل غپاڑا مچا ہوا ہے۔ جوں ہی کاپی پر نظر پڑی شور مچ گیا۔ "ارے یہ کیا کیا؟ یہ عبارت تو بالکل مہمل ہے۔ اس مراسلے کی تصحیح نہیں ہوئی، یونہی کاتب کو دے دیا گیا ہے۔ خبروں کی عبارت چست نہیں۔ کتابت کی غلطیاں تو دیکھو، ایک کالم میں پچاس پچاس غلطیاں اور کتابت کیسی عجیب ہوئی ہے، کوئی دائرہ بھی تو صحیح نہیں، غضب خدا کا، قرآن کی آیت غلط لکھ دی، اتنا خیال نہ آیا کہ کلامِ الٰہی ہے، ستیاناس کر دیا اخبار کا، ان تمام کاپیوں کو جلا دو۔۔۔"

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) نواب محسن الملک (ii) قرطبہ کا قاضی 01,09

5۔ اکبرالٰہ آبادی کی نظم "خدا سر سبز رکھے اس چمن کو مہرباں ہو کر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (i) دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو (ii) تعلیمِ نسواں (iii) سائنس رحمت یا زحمت 20

7۔ کسی اشاعتی ادارے کے منیجر کے نام خط لکھ کر "کلیاتِ اقبال" بذریعہ ڈاک بھجوانے کی درخواست کیجیے۔ 10

302-XII119-41000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

رول نمبر: __________

# Faisalabad Board-2018

☆

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

اُردو (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
8022

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| D | C | B | A | سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| 24 گھنٹے | 20 گھنٹے | 5 گھنٹے | 2 گھنٹے | ہوائی کا وقت جاپان سے پیچھے ہے: | 1 |
| مولوی نذیر احمد دہلوی | قرطبہ کا قاضی | ایوب عباسی | دستک | " گنجینۂ گوہر" سے سبق لیا گیا ہے: | 2 |
| چونا منڈی | انار کلی | جونا مارکیٹ | سپر مارکیٹ | ہم شر ماشری میں نہیں گئے: | 3 |
| تین مہینے | دس مہینے | دو مہینے | بارہ مہینے | ایوب صاحب کا گھر مسافر خانہ بنا رہتا تھا: | 4 |
| کتاب | پریکٹس | دوائی | دکان | ڈاکٹر زیدی کی اٹھارہ بیس برس پہلے خوب چلتی تھی: | 5 |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| D | C | B | A | سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| رہے ہیں | رہا ہیں | رہی ہیں | رہیں ہیں | ماں بیٹی چرخہ کات: | 6 |
| ہوتے ہیں | ہوتیں ہیں | ہوتا ہے | ہوتی ہے | گھر عورت کی جنت: | 7 |
| دیتے ہیں | دیتا ہے | دیتی ہیں | دیتی ہے | علم اور نیک چلنی انسان کا درجہ بڑھا: | 8 |
| چنانچہ | تاکہ | مگر | کیونکہ | آپ علی پر اعتماد کر سکتے ہیں ____ اس نے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔ | 9 |
| جبکہ | چونکہ | مگر | اگرچہ | ____ آگے راستہ بند تھا، اس لیے ہمیں واپس آنا پڑا۔ | 10 |

رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| D | C | B | A | سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| ؟ | ! | : | ، | وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کی علامت ہے: | 11 |
| واوین | قوسین | ندائیہ | سکتہ | کسی شخص کے قول کے دونوں طرف علامت استعمال ہوتی ہے: | 12 |
| واوین | رابطہ | ختمہ | فجائیہ | کسی جذبے کے اظہار پر علامت استعمال ہوتی ہے: | 13 |
| مکمل ٹھہراؤ | جذبات کا اظہار | ندائیہ | مختصر ٹھہراؤ | ( ـ ) علامت ہے: | 14 |
| ! | ____ | ؛ | " " | خط کی علامت ہے: | 15 |

امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| D | C | B | A | سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| احمد نے قرض چکا دیا | یہ فرش بہت چکنا ہے | اسے ٹھنک پڑ گئی ہے | وہ اپنا قرض ادا کر چکا ہے | چکنا: | 16 |
| گیند کہاں پڑی ہے | بچہ دوڑتے ہوئے گر پڑا | کتاب میز پر پڑی ہے | مجھے ضروری کام پڑ گیا | پڑنا: | 17 |
| باغ میں چلے آؤ | برسات کا موسم آ رہا ہے | اب آ بھی جاؤ | وہ گھر آ گیا ہے | آنا: | 18 |
| پھل لے بھی آؤ | بازار سے دہی لے آؤ | کپڑے بیگ میں رکھ لو | میری کتاب لا دو | لینا: | 19 |
| وہ آپ کا کیا لگتا ہے | اسے پینٹ کوٹ کیسا لگ رہا ہے | کشتی کنارے جا لگی | آگ کیسے لگی | لگنا: | 20 |

302-XII118-41000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

رول نمبر: __________

# Faisalabad Board-2018

☆

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

اُردو (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
8021

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حجاج بن یوسف کو خط لکھنے والی لڑکی کا نام تھا: | زبیدہ | ناہید | رابعہ | رافعہ |
| 2 | بیگم اختر ریاض الدین کس کام میں طاق ہوگئی تھیں؟ | گھر سمیٹنے میں | بوریا بستر سمیٹنے میں | دولت سمیٹنے میں | شہرت سمیٹنے میں |
| 3 | جنگ قادسیہ میں مسلمانوں کے سپہ سالار تھے: | سعید بن زبیر رضی اللہ عنہ | سعید بن امیہ رضی اللہ عنہ | سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ | سعد بن نوفل رضی اللہ عنہ |
| 4 | مولوی نذیر احمد توشۂ آخرت سمجھتے تھے: | تفسیر القرآن کو | ترجمہ قرآن کو | ناولوں کو | تمام تصانیف کو |
| 5 | سبق "ایوب عباسی" کے مصنف کا نام ہے: | میاں بشیر احمد | چراغ حسن حسرت | ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن | پروفیسر رشید احمد صدیقی |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | ____ تم نہ آئے تو پھر کون آئے گا۔ | سو | پھر | جو | اگر |
| 7 | استاد نے اسے خوب ڈانٹا ____ وہ ٹس سے مس نہ ہوا۔ | حالانکہ | چونکہ | مگر | البتہ |
| 8 | خاموش بیٹھو ____ کمرے سے نکل جاؤ۔ | لیکن | ورنہ | بلکہ | بے شک |
| 9 | ____ آپ کی بھینس مرگئی۔ | سبحان اللہ | افسوس | واہ | جزاک اللہ |
| 10 | لڑکا اور لڑکی ____۔ | آئی | آئے | آئیں | آیا |

رموزِ اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سکتہ کی تعریف ہے: | سب سے بڑا وقفہ | سب سے چھوٹا وقفہ | سوالیہ انداز | جملے کا اختتام |
| 12 | آپ کیا کہتے ہیں (جملے کے آخر میں علامت آئے گی) | : | :- | ؟ | ؛ |
| 13 | ( ! ) علامت ہے: | ندائیہ | رابطہ | وقفہ | سکتہ |
| 14 | ( ۔ ) علامت ہے: | سوالیہ | ختمہ | وقفہ | رابطہ |
| 15 | وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ مقصود ہو تو استعمال کرتے ہیں: | قوسین | خط | رابطہ | ختمہ |

امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | لینا : | ہمیں اس سے کیا لینا | خیام نے دکان سے قلم لیا | افہام نے روزہ افطار کر لیا | جلدی سے کتاب لاؤ |
| 17 | رہنا : | ارشد گاؤں میں رہتا ہے | اتنی دیر کہاں رہے | شاہ زیب دو سال سے چین میں رہ رہا ہے | وہ اپنے گھر میں رہتا ہے |
| 18 | دینا : | مجھے سو روپے دو | ذرا ہاتھ میں ہاتھ دو | وقت ہمیں کئی سبق دیتا ہے | ہماری فوج نے دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا |
| 19 | لگنا : | وہ آپ کا کیا لگتا ہے | آخر کار وہ کام کرنے لگا | کشتی کنارے جا لگی | آپ کو میری کونسی بات بری لگی |
| 20 | ہونا : | یہ کیا ہو رہا ہے | ہر روز ایسا ہی ہوتا ہے | کاش میں نے وقت سے فائدہ اٹھایا ہوتا | آپ سچے ہو |

301-XII118-44000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2018

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

## اُردو (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## ( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

سوئے خزاں بہارِ گلستاں روانہ ہے ہر برگ کا سکوت سراپا فسانہ ہے
نکہت کی کوششیں کہ نکلنا نصیب ہو موسم کو یہ لگن کہ بدلنا نصیب ہو

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

نومید نہ ہو ان سے ، اے رہبرِ فرزانہ ! کم کوش تو ہیں لیکن بے ذوق نہیں راہی
اے طائرِ لاہوتی! اُس رزق سے موت اچھی جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی
دارا و سکندر سے وہ مردِ فقیر اولیٰ ہو جس کی فقیری میں بوئے اسدُاللّٰہی

## ( حصہ دوئم )

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) الغرض ہمت اور تحمل ان سب کو جنگلوں اور پہاڑوں میں لے گئے۔ کانوں کا کھودنا، اتار چڑھاؤ ہموار کرنا، تالابوں سے پانی سینچنا، دریاؤں کی دھاروں کا رخ پھیرنا، سب سکھایا۔ لوگوں کے دلوں پر اس کی بات کا ایسا اثر ہوا تھا کہ سب دفعتہً کمریں باندھ، آنکھیں بند کر، دیمک کی طرح روئے زمین کو لپٹ گئے۔

(ب) دلی کالج سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد انہیں کوئی سرکاری ملازمت نہیں ملی تو سخت برہم ہوئے۔ پرنسپل سے جا کر ایک دن بولے: " مجھے سرکاری ملازمت اگر نہیں دی گئی تو اُپلوں کی ڈنڈی کھولوں گا اور اس پر دلی کالج کی سند لگا دوں گا" مگر اس کی نوبت نہیں آئی اور انہیں ملازمت مل گئی۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) محنت پسند خردمند (ii) ایوب عباسی 01,09

5۔ نصابی نظم "سراغ راہرو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (i) منشیات ایک معاشرتی روگ (ii) مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا (iii) مطالعۂ کتب 20

7۔ اخبار کے مدیر کے نام معاشرے میں بڑھتے ہوئے جرائم کے بارے میں خط تحریر کیجیے۔ 10

301-XII118-44000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2018

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

## اُردو (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## ( حصّہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئے: 01,01,08

صدائے تیشہ مزدور ہے تیرا نغمہ — تو سنگ و خشت سے چنگ و رُباب پیدا کر
ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم — وہ بانکپن ، وہ اچھوتا شباب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھئے: 01,09

دل میں اک لہر سی اٹھی ہے ابھی — کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی
شور برپا ہے خانۂ دل میں — کوئی دیوار سی گری ہے ابھی
بھری دنیا میں جی نہیں لگتا — جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

## ( حصّہ دوئم )

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) "بنوامیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انہوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا۔ اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں، تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔ عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اس بدعت کو بالکل مٹا دیا۔ دو نہایت متدین اور راست باز شخص اس کام پر مقرر کیے کہ عدالت کے وقت ان کے پاس موجود ہیں اور ان سے جو غلطی سرزد ہو جائے تو فوراً ٹوک دیں۔"

(ب) ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفاالملک حکیم فقیر محمد چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتے بھر کا مُسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں، یہ نہیں کرتے تو بیوی کو پیٹتے ہیں یا اُس سے پٹتے ہیں، بچوں کو جھڑکتے ہیں، ذرا گھر میں شور ہوا اور وہ سر کے بال نوچنے لگے۔ "ہائے عنقائے مضمون دام میں آ کے چلا گیا۔ کم بختو! ملعونو! تمہارے شور نے اسے اڑا دیا۔" مولانا ظفر علی خان کا یہ حال نہیں، جس طرح ہم اور آپ نثر لکھتے ہیں اسی طرح وہ شعر کہتے چلے جاتے ہیں۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) پہلی فتح (ii) ایوب عباسی 01,09

5۔ نصابی نظم "نوجوان سے خطاب" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (i) سائنسی ترقی اور ہم (ii) ہمارے اہم قومی مسائل (iii) زراعت کی اہمیت 20

7۔ اپنی بڑی ہمشیرہ کے نام خط لکھ کر ان کی طرف سے تحفہ ملنے پر ان کا شکریہ ادا کیجیے۔ 10

302-XII118-41000

Please visit for more data at: www.pakcity.org